# PRESS RELEASE

For immediate release
March 7, 2024

**SECP notifies amendments to Corporate Restructuring Companies Rules, 2019**

**ISLAMABAD, March 7:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), under the auspices of the federal government, has notified amendments to the Corporate Restructuring Companies Rules, 2019. The amendments made in light of promulgation of the Corporate Restructuring Companies Act, 2021, are aimed at fostering conducive environment for Corporate Restructuring Companies (CRCs).

Corporate Restructuring companies specialize in acquiring nonperforming assets (NPA) from distressed financial institutions, leveraging their expertise to efficiently manage and recover these NPA assets. The CRC sector is key in minimizing stressed assets in the banking sector through market-led solutions, easing balance sheet burdens and enhancing economic stability. The subject Rules have been amended in consultations with the State Bank of Pakistan, International Finance Corporation and public at large.

Notable provisions of the amendments include the establishment of trusts, comprehensive procedures for liquidation of trusts by CRCs, provisions pertaining to the Corporate Restructuring Board (CRB), encompassing its composition, processing/approval of Schemes being presented by CRCs, appointment matters, governance, code of conduct, functions and budgetary allocation for operational efficacy.

It is pertinent to mention here that the subject amendments related to Trust liquidation enable CRCs to efficiently acquire non-performing assets (NPAs) from financial institutions and facilitating funding for such acquisitions by segregating risks and rewards, thereby ensuring appropriate compensation for investors while offering the potential for substantial returns.

Simultaneously, the CRB amendments aim to simplify the regulatory approval process for the Scheme for arrangement. In essence, the notified amendments are poised to notably improve the rehabilitation process for distressed entities, offering greater opportunities for companies to restructure and restore profitability, ultimately fostering enhanced economic stability.

The notification of amendments is available on SECP's website which can be accessed from the following link: https://www.secp.gov.pk/document/sro-243-of-2024-amendments-to-crc-rules-2019/?wpdmdl=50885

## ایس ای سی پی نے کارپوریٹ ری سٹر کچر نگ کمپنیز رولز 2019 میں ترامیم نوٹیفائی کر دیں

اسلام آباد (مارچ 7) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے وفاقی حکومت کی منظوری سے کارپوریٹ ری سٹر کچر نگ کمپنیز رولز 2019 میں ترامیم کے اطلاق کا نوٹیفیکیشن جاری کر دیا ہے۔ کارپوریٹ ری سٹر کچر نگ کمپنیز ایکٹ 2021 کے نفاذ کی روشنی میں کی گئی ان ترامیم کا مقصد کارپوریٹ ری سٹر کچر نگ کمپنیوں کے لیے سازگار ماحول کو فروغ دینا ہے۔

کارپوریٹ ری اسٹر کچر نگ کمپنیاں مالیاتی اداروں سے دیوالیہ یا ناکام ہونے والی کمپنیوں کے نان پر فارمنگ اثاثہ جات حاصل کر کے انہیں بحال کرنے میں مہارت رکھتی ہیں۔ کارپوریٹ ری اسٹر کچر نگ سیکٹر بینکنگ سیکٹر کی بیلنس شیٹ کو متوازن بنانے، قرضوں کے بوجھ کر کم کرنے اور نان پر فارمنگ اداروں کو بحال کر کے معاشی استحکام کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتیں ہیں۔ ان رولز میں ترمیم اسٹیٹ بینک آف پاکستان، انٹر نیشنل فنانس کارپوریشن اور دیگر اسٹیک ہولڈروں کی مشاورت سے کی گئیں ہیں۔

رولز میں شامل کی گئی قابل ذکر دفعات میں نئے ٹرسٹ کے قیام، کارپوریٹ ری اسٹر کچر نگ کمپنیوں کے ذریعے ٹرسٹوں کو ختم کرنے کے جامع طریقہ کار، کارپوریٹ ری سٹر کچر نگ بورڈ کی تشکیل اور بورڈ کو اختیارات دینے اور ری سٹر کچر نگ کمپنیوں کے ذریعے پیش کی جانے والی اسکیموں کی پروسیسنگ/منظوری، تقرری کے معاملات، گورننس، ضابطہ اخلاق، افعال اور آپریشنل افادیت کے لیے بجٹ مختص کرنے کی دفعات شامل ہیں۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ٹرسٹ لیکویڈیشن سے متعلق ترامیم ری سٹر کچر نگ کمپنیوں کو مالیاتی اداروں سے غیر فعال اثاثے حاصل کرنے اور ان اثاثوں کی بحالی کے لئے قرض حاصل کرنے میں معاون ہوں گی اور کسی اثاثے کی بحالی کے لئے کی گئی سرمایہ کاری پر مناسب ریٹرن کو یقینی بناتی ہیں۔

علاوہ ازیں، ان ترامیم کا مقصد کسی بھی انتظامی اسکیم کے لیے کمیشن سے ریگولیٹری منظوری کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ امید ہے ان ترامیم سے نان پرفارمنگ اداروں کے بحالی کے عمل کو بہتر اور تیز بنانے میں معاون ہوں گے اور بہتر معاشی استحکام کو فروغ دیں گی۔ ترمیم شدہ قوائد کا نوٹیفیکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔